روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
جمعہ 29 جنوری 2016ء 18 ربیع الثانی 1437 ہجری 29 صلح 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 25

دشمن پر گرفت کی دعا

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے یہ دعا کی۔

اے ہمارے رب! تونے فرعون (کو) اور اس کی قوم کے بڑے لوگوں کو (اس) ورلی زندگی میں زینت (کے سامان) اور اموال دے رکھے ہیں مگر اے ہمارے رب! نتیجہ یہ نکل رہا ہے کہ وہ تیرے رستہ سے (لوگوں کو) برگشتہ کر رہے ہیں۔ پس اے ہمارے رب! ان کے مالوں کو برباد کر دے اور ان کے دلوں پر بھی سزا نازل کر جس کا یہ نتیجہ نکلے کہ جب تک وہ دردناک عذاب نہ دیکھ لیں ایمان نہ لائیں۔

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

مصائب اور شدائد کا آنا نہایت ضروری ہے۔ کوئی نبی نہیں گزرا جس کا امتحان نہیں لیا گیا۔ جب کسی کا کوئی عزیز مر جاتا ہے تو اس کے لئے یہ بڑا نازک وقت ہوتا ہے۔ مگر یاد رکھو کہ ایک پہلو پر جانے والے لوگ مشرک ہوتے ہیں۔ آخر خدا کی طرف قدم اٹھانے اور حقیقی طور پر...... (الفاتحہ :6) والی دعا مانگنے کے یہی معنے تو ہیں کہ خدا یا وہ راہ دکھا جس سے تو راضی ہو اور جس پر چل کر نبی کامیاب اور بامراد ہوئے۔ آخر جب نبیوں والی راہ پر چلنے کے لئے دعا کی جاوے گی تو پھر ابتلاؤں اور آزمائشوں کے لئے بھی تیار رہنا چاہئے اور ثابت قدمی کے واسطے خدا تعالیٰ سے مدد طلب کرتے رہنا چاہئے۔

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ صحت وعافیت بھی رہے۔ مال ودولت میں بھی ترقی ہو اور ہر طرح کے عیش وعشرت کے سامان اور مالی وجانی آرام بھی ہوں۔ کوئی ابتلاء بھی نہ آوے اور پھر یہ کہ خدا بھی راضی ہو جاوے وہ ابلہ ہے۔ وہ کبھی کامیابی حاصل نہیں کر سکتا۔ جن لوگوں پر خدا راضی ہوا ہے ان کے ساتھ یہی معاملہ ہوا ہے کہ وہ طرح طرح کے امتحانوں میں ڈالے گئے اور مختلف مصائب اور شدائد سے ان کا سامنا ہوا۔ حضرت ابراہیمؑ پر دیکھو کیسا نازک ابتلاء آیا تھا اور پھر اس کے بعد سب نبیوں کے ساتھ یہی معاملہ رہا۔ یہاں تک کہ (۔) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ آ گیا۔ دیکھو ان کو پیدا ہوتے ہی یتیمی کا سامنا ہوا۔ یتیمی بھی تو بری بلا ہے خدا جانے کیا کیا دکھ اٹھائے اور پھر دعویٰ کرتے ہی مصیبتوں کا ایک پہاڑ ٹوٹ پڑا تھا۔

یاد رکھو۔ انبیاء کا دوسرا نام اہل بلاء واہل ابتلاء بھی ہے۔ ابتلاؤں سے کوئی نبی بھی خالی نہیں رہا...... پھر انبیاء کو تو رہنے دو۔ امام حسینؓ کو دیکھو کہ ان پر کیسی کیسی تکلیفیں آئیں۔ آخری وقت میں جو ان کو ابتلاء آیا تھا کتنا خوفناک ہے۔ لکھا ہے کہ اس وقت ان کی عمر ستاون برس کی تھی اور کچھ آدمی ان کے ساتھ تھے۔ جب سولہ یا سترہ آدمی ان کے مارے گئے اور ہر طرح کی گھبراہٹ اور لاچاری کا سامنا ہوا تو پھر ان پر پانی کا پینا بند کر دیا گیا۔ اور ایسا اندھیر مچایا گیا کہ عورتوں اور بچوں پر بھی حملے کئے گئے اور لوگ بول اٹھے کہ اس وقت عربوں کی حمیت اور غیرت ذرا بھی باقی نہیں رہی۔ اب دیکھو کہ عورتوں اور بچوں تک بھی ان کے قتل کئے گئے اور یہ سب کچھ درجہ دینے کے لئے تھا۔ جاہل تو کہیں گے کہ وہ گنہگار اور بداعمال تھے اس لئے ان پر یہ تکلیف آئی مگر ان کو یاد رکھنا چاہئے کہ آرام سے کوئی درجہ نہیں ملا کرتا جو لوگ ایک ہی پہلو پر زور دیتے چلے جاتے ہیں اور ابتلاؤں اور آزمائشوں میں صبر کرنا نہیں چاہتے۔ اندیشہ ہے کہ وہ دین ہی چھوڑ دیں۔

یہ تو بڑی غلطی ہے کہ ایک طرف تو انسان چاہے کہ ہر طرح کی آسودگی اور آرام ہو اور خوشنودی کے سب سامان مہیا ہوں اور دوسری طرف مقرب اللہ بھی بن جاوے۔ یہ تو ایسا ہی مشکل ہے جیسے اونٹ کا سوئی کے ناکے میں سے گزر جانا بلکہ اس سے بھی ناممکن۔ جب تک ابتلاؤں اور امتحانوں میں انسان پورا نہ اترے کچھ نہیں بنتا۔ (الفضل 31 مئی 2010ء)

مدرسۃ الحفظ میں داخلہ

مدرسۃ الحفظ میں داخلہ برائے سال 2016ء کیلئے داخلہ فارم یکم اپریل تا 31 مئی 2016ء مدرسۃ الحفظ سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ داخلہ فارم مکمل کرنے کے بعد مدرسۃ الحفظ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 جون 2016ء ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد کوئی فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ نامکمل فارم پر کارروائی ممکن نہیں ہوگی۔ داخلہ فارم حاصل کرنے اور واپس جمع کروانے کا وقت صبح 8 تا 12 بجے ہے۔ تمام احباب سے گزارش ہے کہ مقررہ اوقات میں تشریف لائیں۔ فارم کے ہمراہ مندرجہ ذیل سرٹیفکیٹ لف کریں۔

1۔ برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی

2۔ پرائمری پاس رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپی

(انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہیں)

نوٹ: فارم پر صدر/امیر جماعت کی تصدیق ضروری ہے۔

اہلیت:

1۔ امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2016ء تک اس کی عمر 12 سال سے زائد نہ ہو۔

2۔ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

3۔ امیدوار نے قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

انٹرویو

1۔ ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 6/اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

2۔ بیرون ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 7، 8/اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہوگا۔

انٹرویو کیلئے امیدواران کی لسٹ مورخہ 5/اگست کو دارالضیافت کے استقبالیہ میں اور مدرسۃ الحفظ کے گیٹ پر آویزاں کردی جائے گی۔ تمام امیدواران انٹرویو کیلئے آنے سے قبل فائنل لسٹ میں اپنا نام اور وقت چیک کر کے مقررہ وقت پر تشریف لائیں۔

باقی صفحہ 7 پر

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ....مطبع: ضیاء الاسلام پریس ....مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مشعل راہ

مجالس کی امانت کا خیال رکھیں

سیدنا حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ 16 جولائی 2004ء میں فرماتے ہیں۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ مجلس کی ہر بات امانت ہوتی ہے سوائے تین قسم کی مجالس کے نمبر 1 ایسی مجالس جن میں ناحق خون کرنے کا منصوبہ ہو۔ نمبر 2، بدکاری کرنے کا منصوبہ ہو اور نمبر 3، ایسی مجالس جن میں کسی کا ناحق مال دبانے کا منصوبہ ہو۔

(ابو داؤد کتاب الادب باب فی نقل الحدیث)

تو فرمایا کہ ایسی مجالس جن سے کسی کے ذاتی نقصان کا یا قومی نقصان کے احتمال کا، اندیشے کا اظہار ہوتا ہو وہ ضرور متعلقہ لوگوں تک پہنچائی جانی چاہئیں۔ اس کے علاوہ باقی سب امانت ہے۔ کیونکہ اگر یہ باتیں نہیں پہنچائیں گے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ بھی اس جرم میں شریک ہیں۔

ایک روایت میں آتا ہے مجلسیں برخاست کرنے کے بارے میں کہ مجلس برخاست کرتے یا مجلس سے اٹھتے ہوئے آنحضرت ﷺ کا کیا طریق تھا اور ہمیں آپؐ نے کیا سکھایا۔ حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آپؐ کا یہ معمول تھا کہ جب مجلس برخاست کرنا ہوتی اور آپؐ اٹھنا چاہتے تو مجلس کے آخر پر یہ دعا کرتے: ''اے اللہ تو پاک ہے اور تیری حمد کی قسم، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے مغفرت کا طلبگار ہوں اور تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں''۔

(ابو داؤد کتاب الادب باب فی کفارۃ المجلس)

ایک مرتبہ اسی طرح آپؐ نے دعا کی تو ایک شخص نے کہا کہ یا رسول اللہ! اب آپ ایک ایسی دعا کرنے لگ گئے ہیں کہ پہلے آپ نہیں کیا کرتے تھے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا یہ دعا ان باتوں کا کفارہ ہوگی جو مجلس میں ہو جاتی ہیں۔ (ابو داؤد کتاب الادب) یعنی آپ نے یہ سکھایا کہ مجلس میں بعض ایسی باتیں بھی ہو جاتی ہیں جو تکلیف دہ ہوتی ہیں ان کے کفارے کے طور پر۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ کچھ ایسے کلمات ہیں جس نے بھی ان کو اپنی مجلس سے اٹھتے ہوئے تین مرتبہ پڑھا تو اللہ تعالیٰ ان کے طفیل اس کے وہ گناہ جو اس نے وہاں کئے ہوں گے ان کو ڈھانپ دے گا۔ اور جس نے یہ کلمات کسی خیر کی مجلس میں اور ذکر الٰہی کی مجلس میں پڑھے تو ان کے ساتھ اس پر مہر کر دی جائے گی جیسے کہ مہر کے ساتھ کسی صحیفہ پر مہر کر دی جاتی ہے۔ اور وہ کلمات یہ ہیں۔ (-) اے اللہ تو اپنی حمد کے ساتھ، پاک ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے بخشش کا طالب ہوں اور تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں۔

(ابو داؤد کتاب الادب باب فی کفارۃ المجلس)

پس مجالس میں بہت سی باتیں انجانے میں ایسی ہو جاتی ہیں جیسا کہ میں نے پہلے بھی کہا، جو نقصان کا باعث بن سکتی ہیں اسلئے مجلس سے اٹھتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرنی چاہئے کہ ہر شیطان کے حملے سے ہمیں محفوظ رکھے۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں کہ: ''یہ بہت ضروری ہے کہ تم لوگ دعا کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے معرفت طلب کرو۔ بغیر اس کے یقین کامل ہرگز حاصل نہیں ہو سکتا۔ وہ اس وقت حاصل ہوگا جبکہ یہ علم ہو کہ اللہ تعالیٰ سے قطع تعلق کرنے میں ایک موت ہے۔ گناہ سے بچنے کے لئے جہاں دعا کرو وہاں ساتھ ہی تدابیر کے سلسلہ کو ہاتھ سے نہ چھوڑو اور تمام محفلیں اور مجلسیں جن میں شامل ہونے سے گناہ کی تحریک ہوتی ہے ان کو ترک کرو اور ساتھ ہی ساتھ دعا بھی کرتے رہو اور خوب جان لو کہ ان آفات سے جو قضاء وقدر کی طرف سے انسان کے ساتھ پیدا ہوتی ہیں جب تک خدا تعالیٰ کی مدد ساتھ نہ ہو ہرگز رہائی نہیں ہوتی''۔ (ڈائری حضرت مسیح موعود 21۔ اگست 1904ء)

(روزنامہ الفضل یکم فروری 2005ء)

محترم مصلح الدین احمد راجیکی کے منتخب اشعار

یہ تیرے کوچۂ الفت کی خاک تھی ورنہ
کبھی تو کی ہے ستاروں سے ہم سری میں نے

....

جب کبھی آتا ہے دل میں ان کے آنے کا خیال
ڈبڈبا جاتی ہیں آنکھیں گھر کا ساماں دیکھ کر

....

جبین آرزو بدلی نہ سنگ آستاں بدلا
ترے رنگ تغافل سے مرا رنگ فغاں بدلا
وہی گلچیں وہی صیاد اب بھی ہے گلستاں میں
ہوا کیا موسم گل سے اگر دور خزاں بدلا

....

گلشن کی بہاریں جھوٹی ہیں پھولوں کے نظارے جھوٹے ہیں
بلبل کی صدائیں دو دن ہیں آہوں کے شرارے جھوٹے ہیں
دنیا میں جو میلے لگتے ہیں اک روز اُجڑ کر رہتے ہیں
خوشیوں کا بھروسا کیوں کر ہو خوشیوں کے سہارے جھوٹے ہیں

....

مذاق زندگی اپنا بدل جائے تو اچھا ہے
کسی صورت دل مضطر سنبھل جائے تو اچھا ہے
گزشتہ محفلوں کی داستاں کوئی سنا مصلح
فسردہ سی طبیعت کچھ بہل جائے تو اچھا ہے

....

چل گزر راہ فنا سے بے خطر ہونے کے بعد
معرکے ہوتے ہیں سر سینہ سپر ہونے کے بعد
کیا ہوا دریا میں گر موجیں قیامت خیز ہیں
پار لگتے ہیں سفینے شور و شر ہونے کے بعد

....

ہمیں ڈراتا ہے دشتِ ہستی کے خار زاروں سے یہ زمانہ
ہم ایسی راہوں پہ مسکرا کے چلا کئے ہیں چلا کریں گے

....

چشم تر نے کچھ ہماری غمگساری کی تو ہے
درد دل نے کچھ دوائے بے قراری کی تو ہے
گردشیں بھولی تو ہیں اپنا وہ انداز کہن
آسماں نے دل جلوں کی غمگساری کی تو ہے

(انتخاب: پروفیسر عبدالصمد قریشی)

مکرم زکریا ورک صاحب کینیڈا

اسلامی سائنس کی یورپ ترسیل اور نشاۃ ثانیہ

مسلمانوں کی کتب کے تراجم سے موجودہ یورپ نے 12 ویں صدی میں جنم لیا

(قسط دوم آخر)

الفریڈ آف سراشل برطانیہ

Alfred of Sareshel,12th century

الفریڈ بارہویں صدی کا برطانوی سکالر تھا۔ اس نے عربی کا علم اسلامی سپین میں حاصل کیا تھا۔ ٹولیڈو کے دارالترجمہ میں اس نے ارسطو کی متعدد کتابوں کے عربی سے تراجم کئے نیز ان کی شرحوں کے بھی۔ یہ عربی تراجم وتفاسیر زیادہ تر ابن رشد کی تھیں۔ اس نے عربی اسلامی سپین میں سیکھی تھی۔ اس کے تراجم کے ذریعہ ارسطو کی نیچرل فلاسفی اور میٹافزکس انگلینڈ میں متعارف ہوئی تھیں۔

بارہویں صدی میں عربی سے ترجمہ شدہ کتابیں

الکندی کی چار کتابیں، الرازی کی تین کتابیں، الزہراوی کی کتاب التصریف، ابن سینا کی کتابیں ابن الوافد اور علی ابن رضوان کی طب پر کتابیں، جابر بن حیان کی کتابیں، **رابرٹ کا پہلا ترجمہ قرآن 1150ء پھر مارک آف ٹولیڈو نے 1200ء میں** دوبارہ کیا، حنین ابن اسحٰق کے جالینوس کے تراجم، ابن جبرائیل کی کتاب الاخلاق، بطلیموس کی علم مناظر، افلاطون اور ارسطو کی کتابوں کے عربی تراجم، امام غزالی کی مقاصد الفلاسفہ اور تہافۃ الفلاسفہ، فرغانی کی حرکات السماویہ، قسطا ابن لوقا کی کتاب الفصل بین الروح والنفس، فارابی کی احصاء العلوم، ابن سینا کی کتاب الشفاء، ابو مشعر کی کتاب المدخل الی احکام النجوم، علی ابن عباس کی کتاب الملکی۔

مارک آف ٹولیڈو

Mark of Toledo(fl.1193-1216)

مارک ہسپانوی پادری، طبیب اور ترجمہ نگار تھا جس کا سرپرست آرک بشپ آف ٹولیڈو تھا۔ مارک نے قرآن مجید کا ترجمہ کیا نیز متعدد طبی کتابوں کے بشمول جالینوس کی کتابوں جن کے ایڈیشنز حنین ابن اسحٰق اور حبیش نے تیار کئے تھے۔

سسلی سے ترسیل

جب راجر اول نے سسلی پر 1091ء میں قبضہ کیا تو اس وقت مسلمان یہاں دو سو سال سے حکومت کر رہے تھے۔ سسلی کے دارالخلافہ (پالرمو Palermo) میں جہاں یونانی، لاطینی اور عربی ہر جگہ بولی اور سمجھی جاتی تھیں، راجر نے مسلمان سکالرز کو سول سروس میں شامل کر لیا۔ اس کے بیٹے راجر دوم (54-1101ء) کی حکومت میں پالرمو نصرانی اور اسلامی کلچرز کا اتصال اور مرکز بن گیا جس طرح اندلس میں قرطبہ اور طلیطلہ تھا۔ شاہی سرپرستی کے تحت یہاں یونانی اور عربی سے لاطینی میں کتب کے تراجم کئے گئے۔

راجر دوم نے الادریسی (1166-1100ء) کو حکم دیا کہ وہ چاندی کا دنیا کا گول نقشہ تیار کرے جس کے لئے مواد بطلیموس کی کتاب جیوگرافی سے، عربی کتابوں، بادشاہ کے سفیروں، سیاحوں سے لیا گیا تھا۔ چاندی کا یہ گلوب تو ضائع ہو گیا مگر اس کی تفصیل ادریسی کی کتاب نزہت المشتاق فی اختراق الآفاق کے نقشوں والے حصہ میں موجود ہے۔ جغرافیہ پر یہ کتاب عہد وسطیٰ کا انسائیکلو پیڈیا تھا۔ یورپ میں یہ صدیوں تک نصابی کتاب رہی جس کے متعدد خلاصے تیار کئے گئے۔ پہلا خلاصہ 1592ء میں تیار ہوا تھا۔ 1619ء میں اس کا لاطینی میں ترجمہ کیا گیا اور 1830ء میں دو جلدوں میں اس کا فرنچ ترجمہ زیور طبع سے آراستہ ہوا تھا۔

بادشاہ فریڈرک دوم

Frederick II(1194-1250)

بادشاہ فریڈرک دوم چھ زبانوں پر قدرت رکھتا تھا عربی، سسلین، جرمن، فرنچ، لاطینی اور یونانی۔ اس کو سائنس اور ریاضی سے خاص شغف اور سائنسدانوں کا قدردان تھا۔ وہ اسلامی کلچر سے اس قدر متاثر تھا کہ لوگ اس کو baptized sultan کہتے تھے۔ وفات پر اس کو عربی لباس میں ایک مسجد میں دفنایا گیا جو کتھیڈرل میں تبدیل کر دی گئی تھی۔ وہ بذات خود فلاسفر، سائنسدان اور سکالرز کا سرپرست تھا۔ اس کے شاہی دربار میں تمام مذاہب کے سکالرز جمع رہتے تھے۔ ان میں سے مشہور ترین مائیکل اسکاٹ، تھیوڈور آف انٹیوخ، اور لینارڈو فبیو ناچی تھے۔ ان سکالرز نے اس کے لئے فلاسفی، زوآلوجی، میڈیسن، ریاضی، میکانیات اور کاسموگرافی پر عربی کتابوں کے تراجم کئے۔ ان سکالرز کی کتابوں اور تراجم کے لئے اس نے بے دریغ رقم خرچ کی۔ اس کی ذاتی لائبریری میں ہر موضوع کی کتابیں تھیں۔ یونیورسٹی آف نیپلز کو اس نے 1224ء میں قائم کیا تھا جس کی لائبریری میں تمام عربی کتابیں تھیں۔ یونیورسٹی آف پیرس اور بولونیا کو اس نے ارسطو اور ابن رشد کے تراجم تحفہ میں دیئے جو اس کے حکم پر کئے گئے تھے۔ شاہین پروری پر اس نے رسالہ لکھا جس میں ذاتی مشاہدات دیئے گئے تھے۔

فراج بن سالم (Farraghut d.1285) نے کتاب الحاوی کے ترجمہ کے علاوہ ابن جزلہ کی تقویم الابدان، علی ابن عباس مجوسی اور حنین کی کتابوں کے تراجم کئے۔ بانا کوسا Banacosa نے پاڈوا میں کتاب الکلیات کا لاطینی میں ترجمہ کیا۔ سسلی کے بادشاہ چارلس آف انجو کے لئے ابن بطلان کی تقویم الصحۃ کا جزوی ترجمہ کیا گیا تھا۔

لینارڈو فبیو ناچی

Leonardo Fibonacci(1180-1250)

عہد وسطیٰ کے قابل ذکر ریاضی دان لینارڈو کی مشہور کتاب کا نام لیبر اباچی 1202ء Liber Abbaci ہے۔ اس نے ہندی اعداد کا علم بوگیا Bougie الجیریا میں حاصل کیا تھا جہاں اس کا والد سفیر تھا۔ اس کے والد نے اس کو سسلی، مصر، شام، ترکی تجارت کے لئے بھیجا تھا جہاں اس نے ریاضی پر اسلامی مسودات کا مطالعہ کیا نیز عربی اعداد کا استعمال سیکھا جو مسلمانوں میں عام تھے۔ بزنس مین کی کتاب لیبر اباچی کے ذریعہ یورپ میں ہندی/عربی اعداد کا نظام and place value 0-9 متعارف ہوا تھا۔ نئے عددی نظام کا بک کیپنگ، اوزان اور پیمائش کی تبدیلی، سود کا تخمینہ، زرمبادلہ اور دیگر چیزوں پر اطلاق ہوا تھا۔ کتاب Practica geometrae میں اس نے بیان کیا کہ جیومٹری کا علم المساحہ (سرویئنگ) پر اطلاق کیسے ہوتا ہے جیسے کہ اس نے مسلمان انجینئرز کو کرتے دیکھا تھا۔

مائیکل اسکاٹ

Michael Scot(1175-1232)

مائیکل سکاٹ کی پیدائش سکاٹ لینڈ میں ہوئی اور آکسفورڈ و پیرس میں تعلیم حاصل کی۔ اس نے اپنے کیرئیر کا آغاز ترجمہ نگار کے طور پر کیا تھا۔ وہ ایک مشاق فلاسفر، ریاضی دان، ترجمہ نگار اور ماہر جوتش تھا۔ سسلی کے بادشاہ فریڈرک دوم کے درباری جوتشی ہونے پر اس نے ارسطو کی عربی کتابوں کے لاطینی تراجم دوبارہ کئے اور ان کی عربی شرحوں پر نظر ثانی کی جو ابن رشد نے لکھی تھیں۔ یورپ میں ابن رشد کا فلسفہ ان کتابوں سے متعارف ہوا تھا۔ بادشاہ کے لئے اس نے ابن رشد کی De Animalibus کا خلاصہ تیار کیا نیز ضخیم کتاب انٹروڈکشن ٹو اسٹرالوجی لکھی۔ 1209ء میں وہ ٹولیڈو گیا جہاں اس کا تعارف ممتاز مسلمان سکالرز سے ہوا۔ یہاں اس نے علم ہیئت اور علم جوتش پر کئی ایک عربی کتابوں کے تراجم کے علاوہ ابن رشد کی فلاسفی پر متعدد کتابوں کے تراجم کئے۔ 1210ء میں ابن سینا پر کتاب Abbreviatio Avicennae زیب قرطاس کی۔ ابن سینا کی کتاب الحیوان کا لاطینی ترجمہ کیا۔ نورالدین بطروجی (م1204ء) کی کتاب الہیئۃ کا ترجمہ اس نے 1217ء میں طلیطلہ میں کیا جس میں غیر بطلیموسی



زکریا ورک صاحب

نظام ہیئت پیش کیا گیا تھا۔ 1220ء میں پالرمو (سسلی) واپس آنے پر اس نے طب علم جوتش، کیمیا گری، قیافہ شناسی، جادو پر کتابیں لکھیں۔ 1230ء میں وہ واپس آکسفورڈ آیا اور ارسطو کی کتابوں کے علاوہ فزکس اور ریاضی پر سکالرز کی شرحیں اپنے ہمراہ لایا تھا۔

تیرہویں صدی ہی میں سٹیفن آف سارا گوسا نے 1233ء میں ابن الجزار کی مفردات پر کتاب کا ترجمہ کیا۔ مرسیا (سپین) کے لینگویج انسٹی ٹیوٹ میں فرائر ڈومینیکن ماروچینی Dominican Marrochini نے علی ابن عیسیٰ کی تذکرۃ الکحالین کا ترجمہ 1270ء میں کیا۔ کنگز آف آراگاؤن اور پوپ کے شاہی طبیب آرنلڈ آف ویلا نووا Arnold of Villanova(1240-1311) نے کندی کی کتاب رسالہ فی معرفۃ قوۃ الادویہ المرکبہ کے ترجمہ کے علاوہ ابن سینا، قسطا بن لوقا، ابوالاعلیٰ ابن زہر، ابوصلت امیہ کی کتاب الادویہ المفردہ، اور حبیش کی کتابوں کے تراجم کئے۔

بادشاہ الفانسو دہم

Alfonso X El sabio (R.1252-1284)

کیسٹیل (قشطالیہ) اور لیوآن (Castile and Leon) کے بادشاہ الفانسو دہم نے اسلامی علوم کی یورپ اور سپین میں ترسیل کے لئے تاریخی کردار ادا کیا۔ اس نے اشبیلیہ میں 1254ء میں کالج قائم کیا جہاں لاطینی اور عربی میں تعلیم دی جاتی تھی۔ اس نے عربی علوم عقلیہ کو ہسپانوی میں منتقل کروایا یہ چیز اس کو اپنے باپ سے ورثہ سے ملی تھی۔ اس نے ترجمہ نگاروں کو اکٹھا کر کے حکم دیا کہ وہ سائنسی اور تاریخی کتب کے تراجم کریں۔ چنانچہ عبدالرحمٰن صوفی، قسطا ابن لوقا، الزرقلی، نیریزی، علی بن خلاف الانصاری، ابن السیمح، ابن الہیثم، البتانی جیسے ماہرین فلکیات کی کتابیں ترجمہ کی گئیں۔ الفانسو بذات خود شاعر، میوزیشن، فقیہ، مورخ، ماہر فلکیات تھا اس لئے ترجمہ نگاری میں خود بھی حصہ لیا۔ اس ضمن میں اس کی اسٹرانومی پر اہم کتاب Libros del saber de astronomia ہے۔ اس نے ایک زیج تیار کی جس کا نام Alfonsine Tables ہے۔ یہ زیج سولہویں صدی تک اہم ترین زیج قرار دی جاتی رہی۔ درحقیقت اس زیج کے لئے زرقلی کی زیج سے

اکتساب فیض کیا گیا تھا۔

اگرچہ ٹولیڈو (سپین) کے کیتھیڈرل آرکائیوز میں موجود ہزاروں عربی مسودات کو نذر آتش کر دیا گیا تھا لیکن 2500 کے قریب عربی سے لاطینی میں تراجم کے مسودات جو بارہویں صدی سے شروع ہوتے ہیں ابھی تک آرکائیوز میں محفوظ ہیں۔

راجر بیکن

Roger Bacon (1214-92)

برطانوی نژاد راجر بیکن جید فلاسفر، سائنسدان اور قاموس نویس تھا۔ ارسطو کے متعلق اس نے تمام معلومات ابن رشد کی عربی شرحوں سے حاصل کی تھیں۔ علم مناظر میں اس کی تصنیف Opus Majus کا مطالعہ میں نے کوئینز یونیورسٹی کنگسٹن کی لائبریری میں کیا ہے یہ قریب قریب ابن الہیثم کی کتاب المناظر کا چربہ نظر آتی ہے۔ سائنس پر اس کی کتابوں کا ماخذ عربی تصانیف تھیں۔

تیرھویں صدی میں عربی سے ترجمہ شدہ کتابیں

ارسطو کی پودوں پر کتاب، ابن سینا کی کتاب الشفاء، بطروجی کی کتاب الھیئہ، ابن رشد کی ارسطو کی منطق کی کتب کی تفاسیر، ابن الجزار کی کتاب ادویۃ المفردہ، امام غزالی کی میزان العمل، جالینوس کی کتاب پر علی ابن رضوان کی تفسیر، موسیٰ ابن میمون کی دلالۃ الحیرین، اور تین مزید کتابیں، بطلیموس کی مجسطی اور ابن رشد کا اس کا خلاصہ، فرغانی کی کتاب السماویہ، فارابی کی منطق پر کتاب، ابوصلت امیہ کی ادویہ المفردہ، کندی کی ادویہ المرکبہ، ارسطو اور جالینوس کی مزید کتابیں، ابن رشد کی کلیات فی الطب، ابن سینا کی طب پر نظم ارجوزہ فی الطب، ابن میمون کا مقالہ فی تدبیر الصحۃ اور السموم والمحرر، رازی کی کتاب الحاوی، ابن جزلہ کی تقویم الابدان، ابن الہیثم کی الباری فی احکام النجوم اور فی ہیئت العالم، عبدالرحمٰن صوفی کی کتاب الکواکب (1256ء)، ابن ابی رجال کی کتاب الباری، **قرآن مجید کی سورۃ المعارج کا لاطینی ترجمہ**، زرقلی کے اصطرلاب الصفیحہ پر رسالہ، رازی کی کتاب المنصوری، زہراوی کی کتاب التصریف، ارسطو کی کتاب الطبیعات، جابر ابن افلاح کی اصلاح مجسطی، اقلیدس کی کتاب المفردات، ابن زہر کی کتاب الاغذیہ۔ ابن وافد کی الادویہ المفردۃ۔

یورپ میں سائنس کی نشاۃ ثانیہ

بارہویں صدی سے پہلے یورپ میں ظلمت کا دور دورہ تھا۔ کسی کو سائنس، فلاسفی، میڈیسن سے سروکار نہ تھا۔ یورپین قومیں وحشیوں کی زندگی گزار رہی تھیں۔ رفتہ رفتہ یونانی اور اسلامی علوم کی اشاعت و ترویج سے یورپ میں علمی احیائے ثانی کا آغاز گیارہویں صدی میں سالرنو کے میڈکل سکول سے شروع ہوا۔ نشاۃ ثانیہ کے لئے دو اہم عوامل تھے یعنی سائنسی کتابوں کے عربی سے تراجم اور یونیورسٹیوں کا قیام جو کسی حد تک اسلامی مدرسوں کی طرز پر تھے۔ اسلامی مدرسوں کی طرح نصرانی یونیورسٹیوں میں لبرل آرٹس، فلاسفی اور تھیالوجی کی تعلیم دی جاتی تھی۔ ان یونیورسٹیوں میں تمام نصابی کتب عربی کتابوں کے لاطینی تراجم تھے۔ علوم کی درجہ بندی وہی تھی جو الفارابی نے کی تھی۔ بارہویں صدی میں عربی سے تراجم کئے گئے اور کچھ عرصہ بعد درج ذیل یونیورسٹیاں قائم ہوئیں۔ پیرس 1160ء آکسفرڈ 1167ء کیمبرج 1209ء پیڈوعا 1222ء، نیپلز 1224ء سالامانکا 1227ء۔ فیکلٹی آف میڈیسن میں ہر کتاب مسلمان مصنف کی تھی۔ فلاسفی میں نصابی کتاب ارسطو کی تھی مگر اس کو سمجھنے کے لئے تمام شرحیں فارابی، الکندی، ابن سینا اور ابن رشد کی تھیں۔ علم ہیئت کی تمام کتب مسلمانوں کی تھیں۔ جیومٹری کے لئے نصابی کتاب اقلیدس کی تھی مگر عربی تراجم سے پڑھی جاتی تھی۔ الجبرا، علم مثلثات اور حساب کے لئے کتابیں مسلمانوں کی تھیں۔

طب پر عربی کتابوں کے تراجم سے یورپ میں طبی کتابوں کے لکھنے کا رواج شروع ہوا۔ یونیورسٹیوں میں قانون ابن سینا اور رازی کی منصوری طبی نصاب کی بنیاد تھیں۔ وی آنا میں 1522ء تک اور فرینکفرٹ میں 1588ء تک طبی نصاب رازی اور ابن سینا کی کتابوں پر مشتمل تھا۔ یورپ میں سب سے پہلی طبی کتاب جو پرنٹنگ پریس پر شائع ہوئی وہ فیراری ڈی گراڈی Ferrari de Gradi (م 1472) کی منصوری کی شرح تھی۔ اس کتاب میں ابن سینا کا حوالہ تین ہزار مرتبہ، رازی اور جالینوس کا ایک ہزار مرتبہ اور بقراط کا حوالہ صرف ایک سو دفعہ دیا گیا تھا۔ قانون ابن سینا کے 1500ء تک سولہ ایڈیشنز شائع ہوئے تھے اور 1650ء تک زیر استعمال رہی۔ رازی اور ابن سینا کی پورٹریٹ پیرس کے میڈیکل سکول میں اب بھی دیوار پر نصب ہے۔ امریکہ میں پرنسٹن یونیورسٹی (نیو جرسی) کے چرچ کی کھڑکی کے Stained-Glass پر رازی کی تصویر کندہ ہے راقم الحروف کے پاس اس کی رنگین تصویر بھی ہے۔

یونانی علوم کو عباسی دور حکومت میں مسلمانوں نے آٹھویں اور نویں صدیوں میں عربی میں تراجم کر کے محفوظ کیا تھا۔ قدیم یونانی علوم کی کتنی ہی کتابیں عربی میں تو موجود ہیں مگر اصل یونانی میں ناپید ہو چکی ہیں۔ عربی سے تراجم کا یہی کام ٹولیڈو (سپین) سسلی، اور اٹلی میں کیا گیا تب یورپین اقوام کی ان علوم تک رسائی ممکن ہوئی تھی۔ اس کے بعد عربی علوم کی کتنی ہی کتابیں لاطینی میں تو موجود ہیں مگر اصل عربی میں ناپید ہو چکی ہیں۔

یہ مقالہ ابن رشد القرطبی (م 1198ء) کے تذکرہ اور یورپ میں اس کے افضل علمی مقام کے بغیر تشنہ رہے گا۔ ابن رشد اندلس کا مایہ ناز سکالر، قاضی، اور طبیب تھا مگر اس کی عالمی شہرت ارسطو کے شارح کے طور پر تھی۔ ابن رشد نے ارسطو کی 38 کتابوں کی شرح زیب قرطاس کی تھیں۔ نہ صرف یہ بلکہ اس نے ارسطو کے یونانی شارحین کی شرحوں پر بھی شرحیں لکھیں جیسے افلاطون کی کتاب ری پبلک۔ یہ شرحیں تین قسم کی تھیں یعنی جامع، تلخیص اور تفسیر۔ اس کے علاوہ اس نے خود علم ہیئت، طب اور فزکس پر کتابیں تصنیف کیں۔ بعض مؤرخین کا کہنا ہے ابن رشد درحقیقت عہد قدیم کے علوم کی احیاء کا نقطہ آغاز تھا جو یورپین نشاۃ ثانیہ سے دو سو سال قبل وقوع ہوا تھا۔ یورپ کی نشاۃ ثانیہ میں ارسطو کی کتابوں اور شرحوں کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ بلکہ یورپ میں ہیومن ازم کا آغاز ان تراجم سے ہوا تھا۔ لوگ ابھی تک ارسطو کو عقل اور دانائی کا سرچشمہ تسلیم کرتے ہیں۔ تیرھویں صدی کے یورپین فلاسفروں اور سائنسدانوں پر ابن رشد کا علمی اثر اس قدر عمیق تھا کہ پیڈوا (اٹلی) میں School of Averroism شروع ہوا جہاں ارسطو پر ابن رشد کے کام کی وجہ سے استقرائی اور تجربی inductive & empirical سائنسی علوم کی ترویج ہوئی تھی۔ ابن رشد کی متعدد اصل کتابیں عربی اور عبرانی تراجم یورپ کی متعدد لائبریریوں کے علاوہ میڈرڈ کی اسکوریال لائبریری میں محفوظ ہیں۔ امریکہ کی تعلیمی ادارہ میسا چوسس انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی MIT کی ایک عمارت میں دیگر دیوقامت سائنسدانوں کے ناموں کے ساتھ ابن رشد کا نام بھی دیوار پر کندہ ہے۔ یہ کہنا مناسب ہے کہ ابن رشد یورپین نشاۃ ثانیہ کا دانشی جدامجد تھا۔

چودھویں صدی میں عربی سے ترجمہ شدہ کتابیں

قسطا ابن لوقا کی کتاب العمل، کرۃ الفلکیہ اور فی تدبیر الابدان، ابن جبرائیل کی مختار الجواھر، ابن رشد کی ارسطو کی مابعد الطبیعات، ارشمیدس کی کرۃ الاستوانۃ، ابن رشد کی تحافۃ التحافۃ، ابن رشد کی بطلیموس ارسطو اور افلاطون کی تمام کتابوں کی تفاسیر اور تلخیص، ابن معاذ (اشبیلیہ) کا سورج گرھن پر مقالہ (1079ء)، ابن زہر کی طب پر کتابیں، موسیٰ ابن میمون کا مقالہ فی التوحید، امام غزالی کی مقاصد الفلاسفہ، ابن وافد کی کتاب الوصاد، ابن سینا کی کتاب النجات، فخرالدین رازی کی کتاب المباحث الشرقیہ، ابن سینا کی القانون۔

عربی سے براہ راست مطالعہ

سولہویں صدی کے اوائل میں عربی سے براہ راست مطالعہ کا کام شروع ہو گیا۔ پیدرو الکالا Pedro Alcala کی عربی گرائمر اور لغت 1505ء میں شائع ہوئی۔ لیو افریقانس Leo Africanus کی عرب مصنفین کی سوانح عمریوں کی کتاب 1518ء میں شائع ہوئی۔ روم سے 1519ء میں عربی میں تھیالوجی آف ارسٹاٹل منصہ شہود پر آئی۔ دمشق میں اینڈریو الپاگو نے ابن سینا کی قانون فی الطب پر نظر ثانی کی۔ 1535ء میں پیرس میں پہلی عریبک چیئر قائم ہوئی جو گیلام پوسٹل G. Postel کو دی گئی تھی۔ اس نے عربی گرائمر کی کتاب بھی لکھی۔ Franciscus Raphelengius نے کلاسیکل عریبک کی پہلی گرائمر کتاب تیار کی۔ 1613ء میں لیڈن میں عریبک چیئر قائم ہوئی۔ ایڈورڈ پوکاک کی Specimen historiae arabum شائع ہوئی جس میں عربوں کے رسم و رواج کی ابتداء اور مسلمان فلاسفروں کے آئیڈیاز کی تاریخ دی گئی تھی۔ آکسفرڈ یونیورسٹی کی پہلی عریبک چیئر بھی پوکاک Pocock کو دی گئی تھی۔ اس نے ابن طفیل کے فلسفیانہ ناول حی ابن یقظان کا ترجمہ کیا اگلے ایڈیشن میں عربی متن اس کے بیٹے نے شامل کر دیا تھا۔

پرنٹنگ پریس کی ایجاد کے بعد اٹلی میں میڈیسی پریس 1584ء میں شروع ہوا۔ میڈیسی اورنٹیل پریس Medici نے عربی میں اصل کتابوں اور ان کے تراجم کو کوئی سو سال تک شائع کیا تھا جن کی اکثریت لارین زیا، فلورنس لائبریریوں میں محفوظ ہیں۔ مثلاً اقلیدس کی مبادیات کا علامہ نصیرالدین طوسی کا کیا ہوا عربی ترجمہ کی تین ہزار کاپیاں اس پریس نے شائع کی تھیں۔ ابن سینا کی قانون فی الطب بھی اصل عربی میں اسی پریس نے شائع کی تھی۔

مغربی سکالر مارگریٹ سٹل ویل Stilwell نے 1450-1550ء کے عرصہ میں یورپ میں پریس پر شائع ہونے والی کتابوں کی فہرست تیار کی تھی اس میں درجنوں عربی کتابیں تھیں جو بار بار شائع کی گئیں تھیں۔ برٹش میوزیم لائبریری لندن کی اسلامی مخطوطات کی کیٹیلاگ دو جلدوں میں ہے اور چار ہزار مخطوطات پر مشتمل ہے۔ برلن لائبریری کے عربی مخطوطات کی فہرست دس ضخیم جلدوں میں ہے ہر جلد میں ایک ہزار مخطوطات کا بیان ہے۔ بوڈلین لائبریری نے اسلامی دنیا کی ایک ہزار سالہ پرانی نادر الوجود کتب میں سے پچاس کتب کی نمائش کا اہتمام 1981ء میں کیا تھا۔ اس نمائش کا نام The Doctrina Arabum تھا جو ڈیونٹی کالج آکسفورڈ کی پانچ سو سالہ پرانی عمارت میں لگائی گئی تھی۔ گوگل پر اس کے متعلق معلومات مع کتابوں کی تصاویر کے دستیاب ہیں۔

bodley30.bodley.ox.ac.uk:8180/luna/servlet/detail/

امریکہ کی نیشنل لائبریری آف میڈیسن، میری لینڈ میں موجود 143 عہد وسطیٰ کی عربی کتابوں کے مسودات کی فہرست انٹرنیٹ پر دستیاب ہے۔

http://www.nlm.nih.gov/hmd/pdf/shelflist.pdf

اس مضمون کا انگلش ترجمہ مع لاطینی تراجم والی

باقی صفحہ 5 پر

مکرم محمد شریف خان صاحب

محترم چوہدری محمد علی صاحب ایم اے کی یادیں

چوہدری صاحب سے میرا پہلا تعارف ستمبر 1956ء کی کڑکتی سہ پہر دفتر سپرنٹنڈنٹ فضل عمر ہوسٹل میں ہوا۔ میں فضل عمر ہوسٹل میں داخلہ کے لئے دھک دھک کرتے دل کے ساتھ پہلے سے کھڑے لڑکوں کی قطار میں دیوار سے لگ کر جا کھڑا ہوا۔

ذرا ہوش ٹھکانے لگے تو کمرے کا جائزہ لینے کا موقعہ ملا، میز کے سامنے ایک صاحب ٹوپی پہنے کالی عینک لگائے کوٹ پینٹ پہنے بیٹھے تھے، پتہ چلا موصوف سپرنٹنڈنٹ ہوسٹل چوہدری محمد علی صاحب ہیں ان کے بائیں جانب بیٹھے ہنس مکھ صاحب پروفیسر سعید اللہ خان صاحب تھے، جو داخلہ فارموں سے پڑھ کر لڑکوں کا تعارف کروا رہے تھے، چوہدری صاحب مزید معلومات کے لئے متعلقہ لڑکے سے کچھ سوال کرتے اور فارم پر دستخط کر کے لڑکے کو تھماتے ہوئے دفتر میں لے جائیں کہتے۔

جب میری باری آئی، دل تو پہلے سے ہی دھڑک رہا تھا کہ ہم سے سوال ہوا محمد شریف کیا تم منیر شامی کے بھائی ہو اب سانس بھی خشک ہوا، خشک ہونٹوں پر زبان پھیرتے ہوئے گھٹی آواز میں مشکل سے جی کہہ سکا۔ چوہدری صاحب اور سعید اللہ خان صاحب نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا (منیر، میرے بڑے بھائی تھے جو تعلیم الاسلام کالج قادیان کے اولین طالب علم تھے تقسیم ملک کے دوران قادیان میں شہید ہوئے، خان صاحب کے کلاس فیلو تھے)، چوہدری صاحب نے فارم پر کچھ لکھا اور یہ کہتے ہوئے، اگر کوئی ضرورت ہو تو مجھے بتائیں، فارم مجھے تھما دیا۔ دفتر سے نکلا تو کچھ جان میں جان آئی۔ مجھے چار نمبر ڈارمیٹری میں سیٹ الاٹ ہوئی۔ جہاں پہلے سے تین لڑکے میرا انتظار کر رہے تھے۔ سامان رکھا تعارف ہوا، ریاض حسین مونس کبیر والا ملتان۔ رفیق احمد خان ساہیوال، نصرت حفیظ اللہ علوی پنڈ دادنخان۔ مجھے دروازے کے پاس سیٹ ملی۔ ہم ایک دوسرے کا کن انکھیوں سے جائزہ لے ہی رہے تھے کہ ناگہاں گھنٹی کی آواز نے ہمیں چونکا دیا، وضو کیا، نماز کے بعد کھانا، پیٹ بھر کر کھایا۔ سخت گرمی تھی۔ پسینے سے شرابور۔ سفر کے تھکے ماندے، چارپائی پر لیٹتے ہی گہری نیند میں ڈوب گئے۔

گھنٹی بجی عصر کی نماز چوہدری صاحب نے پڑھائی اور بخاری شریف سے ایک حدیث کا درس بڑی شستہ انگریزی زبان میں دلنشیں انداز میں دیا، کچھ سمجھ آیا کچھ نہ۔ اگلے روز ہمارا کالج میں پہلا دن تھا، گرمی انتہاؤں کو چھو رہی تھی۔ گول بازار میں مجید آئرن سٹور سے دفتر کی پرچی دکھا کر پیڈسٹل فین لے آئے۔

اگلے دن کالج آفس سے آئی ڈی کارڈ کے سلسلے میں دو تصاویر جمع کروانے کا حکم ملا۔ ربوہ میں سٹوڈیوز کا علم نہیں تھا۔ سینئرز سے پوچھا، انہوں نے چنیوٹ مین بازار میں شریف دندان ساز کی دکان کے ساتھ والے سٹوڈیو کا بتایا۔ ہم چاروں روم میٹ سٹوڈیو پہنچے، ارجنٹ تصاویر بنوائیں، دو گھنٹے بعد ملیں اس وقت تک عصر کا وقت نکل چکا تھا۔ ہوسٹل پہنچے، مغرب کی نداء ہو رہی تھی۔ نماز کے بعد کمرہ نمبر چار کے لڑکوں کو کھانے کے بعد سپرنٹنڈنٹ صاحب کے دفتر میں پہنچنے کا اعلان سنا، پہلے ہی گھبرائے ہوئے تھے...... اب یہ کیا افتاد؟

جیسے تیسے کھانا زہر مار کیا۔ حال و بے حال دفتر پہنچے، May we come in Sir چوہدری صاحب کی رعب دار come in نے ہمارے دل مزید دھڑکا دیئے کانپتے لرزتے قدموں کے ساتھ داخل ہوئے۔

چوہدری صاحب جلالی موڈ میں تھے۔ آپ عصر کی نماز پر کہاں تھے؟ ریاض پر جرأت تھا۔ ہم چنیوٹ تصویر کھنچوانے گئے تھے۔

آپ کو پتہ نہیں چنیوٹ آپ کے لئے آؤٹ آف باؤنڈ ہے! سر، وہ کیا ہوتا ہے۔ (شائد یہ خیال کرتے ہوئے یہ فرسٹ ایئر فولوں کا ٹولہ ہے) چوہدری صاحب کے پُرغصہ چہرے پر کچھ بشاشت کھیل گئی۔ آپ کو چنیوٹ جانے سے پہلے مجھ سے اجازت لینی تھی۔ ماہانہ رپورٹ میں آپ کے والدین کو آگاہ کیا جائے گا۔ اگلے ہفتے ابا جی کا سخت ڈانٹ کا خط آیا۔ وہ دن اور آج کا دن پھر ہم نے کبھی خلاف قانون کوئی عمل کیا ہو۔

مزید پڑھائی کے سلسلہ میں چار سال کالج سے دور رہا۔ واقف زندگی تھا 1963ء میں ایم ایس سی کے بعد کالج کے دفتر میں حاضر ہونے کی ہدایت ہوئی اور لیکچرر تعینات ہوا۔ خوش خوش دفتر سے باہر نکلا۔ باہر برآمدہ میں چوہدری صاحب سے ملاقات ہوئی، دیکھتے ہی سینے سے لگا لیا۔

چوہدری صاحب سپرنٹنڈنٹ ہوسٹل کے علاوہ فلسفہ کے پروفیسر تھے اگرچہ میں چوہدری صاحب کا شاگرد نہیں رہا تھا لیکن ایک لمبا عرصہ 1963ء تا 1975ء مجھے چوہدری صاحب کے ساتھ کام کرنے کا موقعہ ملا۔ آتے جاتے کبھی چوہدری صاحب کو کالج کے کسی کلاس روم میں کلاس لیتے نہیں دیکھا تھا، حیران تھا چوہدری صاحب جیسا dutyful استاد کیسے ہوسکتا ہے کلاس نہ لیتا ہو؟ آپ کے ایک شاگرد مکرم داؤد طاہر کے درج ذیل بیان نے پرانے یونانی اساتذہ کی یاد تازہ کر دی۔

چوہدری محمد علی ہمیں فرسٹ ایئر میں منطق پڑھایا کرتے تھے۔ ان کا پڑھانے کا طریقہ بالکل غیر رسمی تھا۔ ممکن ہے وہ اس عرصے میں دو چار بار کلاس روم میں بھی آئے ہوں لیکن بالعموم وہ ہمیں اپنے گھر پر بلا لیا کرتے تھے۔ یاد رہے کہ موصوف ہوسٹل سپرنٹنڈنٹ بھی تھے اور اس حوالے سے انہیں کالج کیمپس میں مکان ملا ہوا تھا۔ ہم ان کے ہاں پہنچتے تو وہ عموماً بنیان اور دھوتی میں ملبوس ہوتے۔ وہ اسی لباس میں چارپائی پر بیٹھ جاتے۔ ہم میں سے کچھ ان کے ساتھ چارپائی پر اور باقی سامنے پڑی کرسیوں اور موڑھوں پر بیٹھ کر ان کے گرد دائرہ سا بنا لیتے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لہجے میں ایک خاص مٹھاس رکھی ہے اور پرانے واقعات کے بیان کا ملکہ عطا کیا ہے۔ وہ اپنے خوبصورت لہجے میں ادھر اُدھر کی باتیں شروع کر دیتے اور باتوں ہی باتوں میں پڑھاتے بھی جاتے۔ اکثر اوقات وہ ہمیں کچھ کھلا پلا بھی دیتے۔ یہ ان کی شفقت ہی کا نتیجہ تھا کہ ہم شوق سے ان کے پیریڈ کا انتظار کرتے اور بغیر کسی اشد مجبوری کے اسے کبھی مس نہ کرتے۔

ہوسٹل سپرنٹنڈنٹ ہونے کے علاوہ موصوف بیک وقت کالج کے ہائیکنگ کلب، کشتی رانی کلب اور باسکٹ بال کلب کے صدر بھی تھے۔ اس اعتبار سے ان کے فرائض بہت متنوع تھے لیکن وہ اپنی تمام ذمہ داریوں کو انتہائی خوش اسلوبی سے ادا کرتے۔

کشتی رانی کلب کے انچارج کی حیثیت سے وہ ہمیں کئی بار دریا پر لے جاتے۔ مجھے یاد ہے ایک بار ہم نے ان کی سرپرستی میں ایک رات پانی کی مخالف سمت کچھ اوپر جا کر ایک جزیرے پر گزاری۔ ہم ٹینٹ اور کھانے پینے کا خام سامان ہمراہ لے گئے تھے۔ ہم نے جزیرے پر اپنا خیمہ نصب کیا اور اینٹوں کے چولہے پر ہنڈیا اور روٹی بنائی اور یوں اس پکنک کا لطف دوبالا ہو گیا۔

